www.KitaboSunnat.com

روح پرور ثابت ہوتا ہے۔ اس سے صرف تحریک کو سمجھنے میں مدد نہیں ملتی، بلکہ ہر انسان کو اپنی فردا فرداً فرائض، ایمانی تقاضوں، اسلامی نظامِ حیات اور حکومتِ الٰہیہ کے خصائص کی تفصیل بھی سامنے آجاتی ہے۔

کتاب کا نام "سر منزل" کچھ جاذب نہیں معلوم ہوتا۔ اس قسم کے عنوان رسوائے زمانہ دانشوروں کے پامال عنوان ہیں، خدارا! جدید تہذیب کی ظلمات آزریں چکاچوند پہ نہ جائیے، یہ بہت ہی گندے اڈے ہیں۔ اسلاف کے طریق کار اور اندازِ فکر کے احیاء کی کوشش کیجیے۔

اس کے علاوہ! دیباچہ میں کتاب کا مکمل تعارف، پس منظر اور اس سلسلے کی دوسری ضروری معلومات پیش کرنے کا اہتمام بھی فرمائیں تو تشنگی نہ رہے۔ جہاں تک ترجمہ اور کتاب کی افادیت کا تعلق ہے وہ گو ان تمہیدوں کی محتاج نہیں ہے۔ تاہم قاری کے غیر شعوری سوالات کی تسکین بھی ضروری ہے۔

(۶)

الواب الصرف (مع مجموعہ) حضرت حافظ محمد بن بارک اللہ لکھوی رحمۃ اللہ علیہ

صفحات، ۱۱۶

قیمت ۴ روپے

پتہ اسلامی اکادمی [illegible] لاہور

علم صرف عربی علوم کا باب اول ہے، اس میں تغیر الفاظ کے پہلو [illegible] (الفاظ) کا مادہ، ان کے مختلف تغیرات، اقسام مجرد، مزید کی تقسیم اور خصائص کی ساری تفصیلات کا ماخذ یہی علم ہے۔

اس موضوع پر بہت سی کتابیں لکھی گئی ہیں، لیکن "الواب الصرف" اپنے باب میں لاجواب کتاب ہے۔ پہلے ثلاثی مجرد کے چھ (ابواب) کی گردانیں دی گئی ہیں، ماضی مضارع وغیرہ کی الگ الگ۔ پھر ثلاثی مزید فیہ کا ذکر ہے۔ پہلے سب کی صرف صغیر پیش کرتے ہیں، پھر صرف کبیر، مہموز، معتل، لفیف، مضاعف وغیرہ کی تفصیل پوری پوری دی ہے۔ اس کے ہمراہ تین رسالے اور ہیں زبدہ حیرانان ہوئی اس میں مشکل صیغوں کا حل ہے (ص۹) اس کے بعد تشحیذ الاذہان ہے (ص۱۰) اس کا بھی وہی حال ہے، ذہن کو جلا دینے کے لیے بڑی دلچسپ مشقیں ہیں، پھر منشعب منظوم فارسی (ص۱۱) ہے۔ اس میں صرف کی اونچی کتابوں کے قوانین کو منظوم کیا گیا ہے۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ